سوال

(306)ریڈیو وغیرہ سننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ریڈیو وغیرہ سننے کے بارے میں کیا حکم ہے ،جبکہ جس چیز کو دیکھا یا سنا جارہا ہو اس میں کوئی حرام بات نہ ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ریڈیو سے قرآن وحدیث کی باتوں اور خبروں کے سننے میں کوئی حرج نہیں ۔اسی طرح ریڈیو سے قرآن مجید کی تلاوت ، رسول اللہ ﷺ کی احادیث اور نصیحت آموز باتیں سنائی جاتی ہیں،ان کے سننے میں بھی کوئی حرج نہیں، میں نصیحت کروں گا کہ ''اذاعة القرآن ''اور ''نور علی الدرب ''کے پروگرام ضرور سنیں کیونکہ یہ پروگرام عظیم فوائد پر مشتمل ہوتے ہیں۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 397

محدث فتویٰ